الْوَجِلِيْنَ، لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ

والوں میں سے ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر

اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الرَّاجِيْنَ، لَآ اِلٰهَ

ہے، بے شک میں امیدواروں میں سے ہوں تیرے سوا

اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ

کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بے شک میں توجہ کرنے

الرَّاغِبِيْنَ، لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ

والوں میں سے ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر

اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الْمُهَلِّلِیْنَ، لَآ اِلٰهَ

ہے بے شک میں نام لیواؤں میں ہوں نہیں کوئی معبود

اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ

سوائے تیرے، تو پاک تر ہے بے شک میں سوال کرنے

السَّآئِلِیْنَ، لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ

والوں میں ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے

اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الْمُسَبِّحِیْنَ، لَآ اِلٰهَ

بے شک میں تسبیح کرنے والوں میں ہوں تیرے سوا کوئی

اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ

معبود نہیں تو پاک تر ہے بے شک میں تکبیر کہنے والوں میں

الْمُکَبِّرِیْنَ، لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ

ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے کہ میرا رب

رَبِّیْ وَ رَبُّ اٰبَآئِیَ الْاَوَّلِیْنَ، اَللّٰهُمَّ هٰذَا

اور میرے پہلے بزرگوں کا رب ہے اے معبود میری

ثَنَآئِیْ عَلَیْکَ مُمَجِّدًا، وَ اِخْلَاصِیْ

طرف سے یہ تیری ثناء ہے تیری شان بیان کرتے ہوئے

بِذِکْرِکَ مُوَحِّدًا، وَ اِقْرَارِیْ بِاٰلَآئِکَ

یہ تیرے ذکر کے بارے میں میرا خلوص توحید کو مانتے

مَعَدِّدًا، وَ اِنْ کُنْتُ مُقِرًّا اَنِّیْ لَمْ

ہوئے اور میری طرف سے یہ تیری مہربانیوں کا اقرار

اُحْصِهَا لِکَثْرَتِهَا وَ سُبُوْغِهَا، وَ

ہے ان کو شمار کرتے ہوئے اگرچہ یہ مانتا ہوں کہ میں

تَظَاهُرِهَا وَ تَقَادُمِهَا اِلٰی حَادِثٍ، مَا

ان کا شمار نہیں کرسکتا کیونکہ وہ زیادہ ہیں اور بہت سی

لَمْ تَزَلْ تَتَعَهَّدُنِیْ بِهٖ مَعَهَا مُنْذُ

ہیں وہ عیاں ہیں اور پہلے سے اب تک مل رہی ہیں تو نے

خَلَقْتَنِیْ وَ بَرَاتَنِیْ مِنْ اَوَّلِ الْعُمُرِ،

مجھ کو یہ نعمات دینے میں ہمیشہ یاد رکھا ہے جب سے تو نے

مِنَ الْاِغْنَآءِ مِنَ الْفَقْرِ، وَ كَشْفِ

مجھے پیدا کیا اور اول عمر میں مجھے بے مائیگی میں تو نگری کا

الضُّرِّ، وَ تَسْبِيبِ الْيُسْرِ، وَ دَفْعِ

حصہ عنایت فرمایا تنگدستی سے بچایا آسائش کے اسباب

الْعُسْرِ، وَ تَفْرِيجِ الْكَرْبِ، وَ الْعَافِيَةِ

فراہم کیے اور سختی دور فرمائی مصیبت سے چھٹکارا دلایا

فِي الْبَدَنِ، وَ السَّلَامَةِ فِي الدِّيْنِ، وَلَوْ

جسمانی صحت نصیب کی اور دین و ایمان پر پوری طرح

رَفَدَنِيْ عَلٰى قَدْرِ ذِكْرِ نِعْمَتِكَ جَمِيْعُ

قائم رکھا اور اگر تیری نعمتوں کا اندازہ کرنے کے لئے

الْعَالَمِيْنَ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَ الْاٰخِرِيْنَ

دنیا جہان کے لوگ اولین اور آخرین میں سے میرا

مَا قَدَرْتُ وَلَا هُمْ عَلٰى ذٰلِكَ،

ساتھ دیں تو بھی میں اندازہ نہ کر سکوں گا اور نہ ہی وہ

تَقَدَّسْتَ وَ تَعَالَيْتَ مِنْ رَبٍّ

اے رب تو بلند تر ہے اور پاکیزہ ہے تو گے سکیں کر اندازہ

كَرِيْمٍ، عَظِيْمٍ رَحِيْمٍ، لَا تُحْصَى

پروردگار شان والا بڑائی والا رحم والا تیری

اٰلَآءُكَ، وَلَا يُبْلَغُ ثَنَآءُكَ، وَلَا تُكَافِيْ

مہربانیوں کا شمار نہیں تیری تعریف کا حق ادا نہیں ہو پاتا

نَعْمَآءُكَ، فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ

اور تیری نعمتوں کا بدلہ نہیں دیا جا سکتا محمد و

مُحَمَّدٍ، وَ اَتْمِمْ عَلَيْنَا نِعَمَكَ، وَ

آل محمد علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہم پر اپنی نعمتیں

اَسْعِدْنَا بِطَاعَتِكَ، سُبْحَانَكَ لَآ اِلٰهَ

پوری فرما اپنی بندگی کے ساتھ خوش بخت بنا دے پاک

اِلَّآ اَنْتَ، اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تُجِيْبُ

تر ہے تو تیرے سوا کوئی معبود نہیں اے اللہ تو بے شک

الْمُضْطَرِّ، وَ تَكْشِفُ السُّوْٓءَ، وَ

لاچار کی دُعا قبول کرتا ہے برائی دور کرتا ہے مصیبت

تُغِيْثُ الْمَكْرُوْبَ، وَتَشْفِيْ السَّقِيْمَ،

زدہ کی فریاد کو پہنچتا ہے بیمار کو صحت دیتا ہے مفلس کو

وَ تُغْنِيْ الْفَقِيْرَ، وَ تَجْبُرُ الْكَسِيْرَ، وَ

مال دیتا ہے ٹوٹے ہوئے کو جوڑتا ہے چھوٹے پر رحم

تَرْحَمُ الصَّغِيْرَ، وَ تُعِيْنُ الْكَبِيْرَ، وَ

کرتا ہے بڑے کی مدد کرتا ہے اور تیرے سوا کوئی

لَيْسَ دُوْنَكَ ظَهِيْرٌ، وَلَا فَوْقَكَ قَدِيْرٌ،

سہارہ دینے والا نہیں ہے اور تجھ پر کوئی بالادست

وَ اَنْتَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ، يَا مُطْلِقَ

نہیں ہے تو برتر بزرگی والا ہے اے قیدی کو پھندے

الْمُكَبَّلِ الْاَسِيْرِ، يَا رَازِقَ الطِّفْلِ

سے چھڑانے والے اے ننھے بچے کو روزی دینے

الصَّغِيرِ، يَا عِصْمَةَ الْخَآئِفِ

والے اے ڈرے ہوئے پناہ کے طالب کو بچانے

الْمُسْتَجِيرِ، يَا مَنْ لَا شَرِيكَ لَهُ وَ لَا

والے اے وہ ذات جس کا کوئی ثانی نہیں نہ کوئی

وَزِيرَ، صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ، وَ

وزیر، محمد و آل محمد علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور آج

اَعْطِنِیْ فِیْ هٰذِهِ الْعَشِيَّةِ، اَفْضَلَ مَا

کی شب مجھے اس سے بہتر دے جو تو نے کسی کو دیا ہے

اَعْطَيْتَ وَ اَنَلْتَ اَحَدًا مِّنْ عِبَادِكَ،

اور اپنے بندوں میں سے کسی کو کوئی نعمت عطا فرمائی

مِنْ نِّعْمَةٍ تُوَلِّيهَا، وَ اٰلَآءٍ تُجَدِّدُهَا، وَ

اور جو مہربانیاں کسی پر کی ہیں اور جو سختی دور کی ہے

بَلِيَّةٍ تَصْرِفُهَا، وَ كُرْبَةٍ تَكْشِفُهَا،

جو مصیبت ہٹائی ہے جو دُعا تو نے سنی ہے جو نیکی قبول کی

وَدَعْوَةٍ تَسْمَعُهَا، وَ حَسَنَةٍ تَتَقَبَّلُهَا،

ہے اور جو برائی معاف کی ہے بے شک جس پر چاہے تو

وَ سَيِّئَةٍ تَتَغَمَّدُهَا، اِنَّكَ لَطِيْفٌ بِمَا

لطف کرتا ہے اور خبر رکھتا ہے اور ہر چیز پر قدرت

تَشَآءُ خَبِيْرٌ، وَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ،

رکھتا ہے اے اللہ بے شک تو قریب تر ہے جسے پکارا

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ اَقْرَبُ مَنْ دُعِیَ، وَ اَسْرَعُ

جاتا ہے تو تیز تر ہے جو قبول کرتا ہے معاف کرنے

مَنْ اَجَابَ، وَ اَكْرَمُ مَنْ عَفٰى، وَ

والوں میں بہترین عطا کرنے والوں میں زیادہ عطا

اَوْسَعُ مَنْ اَعْطٰى، وَ اَسْمَعُ مَنْ سُئِلَ،

والا اور سوالی کی بہت سننے والا اے دنیا و آخرت

يَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ وَ

میں رحم کرنے والے اور دونوں جگہ پر مہربان کوئی

رَحِيْمُهُمَا، لَيْسَ كَمِثْلِكَ مَسْؤُوْلٌ،

تیرے جیسا نہیں جس سے سوال کیا جائے اور سوائے

وَ لَا سِوَاكَ مَاْمُوْلٌ، دَعَوْتُكَ

تیرے کوئی نہیں جس پر امید رکھی جائے میں نے دُعا کی

فَاَجَبْتَنِيْ، وَ سَئَلْتُكَ فَاَعْطَيْتَنِيْ، وَ

تو نے قبول کی میں نے مانگا پس تو نے عطا کیا میں نے

رَغِبْتُ اِلَيْكَ فَرَحِمْتَنِيْ، وَ وَثِقْتُ

تیری طرف توجہ کی پس تو نے رحمت فرمائی تیرا سہارا

بِكَ فَنَجَّيْتَنِيْ، وَ فَزِعْتُ اِلَيْكَ

لیا پس تو نے نجات دی میں تجھ سے ڈرا تو نے میری مدد

فَكَفَيْتَنِيْ، اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

فرمائی اے اللہ حضرت محمدؐ پر رحمت فرما جو تیرے

عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَ نَبِيِّكَ، وَ عَلٰى

بندے تیرے رسولؐ اور تیرے نبیؐ ہیں اور انکی آل

اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ اَجْمَعِيْنَ، وَ

پر جو سب کے سب بے عیب اور پاک تر ہیں اور

تَمِّمْ لَنَا نَعْمَآءَكَ، وَ هَنِّئْنَا عَطَآءَكَ،

ہم پر اپنی نعمتیں پوری کر اور ہم پر خوشگوار عطائیں فرما

وَ اكْتُبْنَا لَكَ شَاكِرِيْنَ، وَ لِاٰلَآئِكَ

ہمیں اپنے شکر گزاروں میں رکھ دے اور اپنے احسانوں

ذَاكِرِيْنَ، اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ رَبَّ

کا ذکر کرنے والوں میں رکھ، ایسا ہی ہو، ایسا ہی ہو،

الْعَالَمِيْنَ، اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ مَلَكَ فَقَدَرَ،

اے جہانوں کے پروردگار اے اللہ اے وہ مالک جو

وَقَدَرَ فَقَهَرَ، وَعُصِيَ فَسَتَرَ، وَ

باقدرت ہے اے باقدرت جو غالب ہے اے وہ جو

اسْتُغْفِرَ فَغَفَرَ، يَا غَايَةَ الطَّالِبِيْنَ

نافرمانی کو ڈھانپتا ہے اور بخشش چاہنے پر بخشتا ہے اے

الرَّاغِبِیْنَ، وَ مُنْتَهٰی اَمَلِ الرَّاجِیْنَ،

طلبگاروں، توجہ کرنے والوں کی امیدگاہ اور

یَا مَنْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا، وَوَسِعَ

آرزومندوں کے مقام آرزو، اے وہ کہ جس کا علم ہر

الْمُسْتَقِیْلِیْنَ رَاْفَةً وَ حِلْمًا، اَللّٰهُمَّ

چیز کو گھیرے ہوئے ہے اور توبہ کرنے والوں کے لئے محبت

اِنَّا نَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ فِیْ هٰذِهِ الْعَشِیَّةِ

و مہربانی اور ملائمت سے جس کا دامن وسیع ہے، اے اللہ

الَّتِیْ شَرَّفْتَهَا وَ عَظَّمْتَهَا بِمُحَمَّدٍ

ہم نے توجہ کی ہے تیری طرف آج کی رات میں جسے تو نے

نَبِیِّكَ وَ رَسُوْلِكَ، وَ خِیَرَتِكَ مِنْ

بزرگی اور بڑائی دی حضرت محمدؐ کے ذریعے جو تیرے نبیؐ

خَلْقِكَ، وَ اَمِیْنِكَ عَلٰی وَحْیِكَ،

تیرے رسولؐ اور مخلوقات میں سے تیرے چنے ہوئے تیری

اَلْبَشِيرِ النَّذِيرِ، اَلسِّرَاجِ الْمُنِيرِ،

وحی کے امانتدار بشارت دینے والے ڈرانے والے

اَلَّذِیْ اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ، وَ

روشن چراغ ہیں جن کے وجود کو تو نے مسلمانوں کے لئے نعمت

جَعَلْتَهٗ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ، اَللّٰهُمَّ

بنایا اور ان کو سارے جہانوں کے لئے رحمت قرار دیا

فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا

اے اللہ محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور ان کی آل پر جیسا کہ

مُحَمَّدٌ اَهْلٌ لِذٰلِكَ مِنْكَ يَا عَظِيْمُ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیری طرف سے اس کے لائق ہیں اے بزرگتر

فَصَلِّ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ، اَلْمُنْتَجَبِيْنَ

ان پر اور ان کی آلؑ پر رحمت نازل کر جو سب کے سب

الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ اَجْمَعِيْنَ، وَ

بلند تر نیک نہاد اور پاک ہیں اور ہمیں معافی دے کر ہماری

تَغَمَّدْنَا بِعَفْوِكَ عَنَّا، فَاِلَيْكَ عَجَّتِ

پردہ پوشی کر کیونکہ تیرے حضور فریادیں ہو رہی ہیں ہر ہر

الْاَصْوَاتُ بِصُنُوْفِ اللُّغَاتِ،

دیس کی زبان میں، پس اے اللہ آج کی رات میں ہر نیکی

فَاجْعَلْ لَنَا، اَللّٰهُمَّ فِيْ هٰذِهِ الْعَشِيَّةِ

میں سے حصہ قراردے ہمارے لئے جو تو نے اپنے بندوں

نَصِيْبًا مِّنْ كُلِّ خَيْرٍ تَقْسِمُهٗ بَيْنَ

کے درمیان تقسیم کی، نور میں جس سے ہدایت فرمائی، رحمت

عِبَادِكَ، وَ نُوْرٍ تَهْدِيْ بِهٖ، وَ رَحْمَةٍ

میں جو عام کی، برکت میں جو تو نے نازل کی، عافیت کے

تَنْشُرُهَا، وَ بَرَكَةٍ تُنْزِلُهَا، وَ عَافِيَةٍ

لباس میں جو تو نے پہنایا، رزق میں جو وسیع کیا اے سب

تُجَلِّلُهَا، وَ رِزْقٍ تَبْسُطُهٗ، يَآ اَرْحَمَ

سے زیادہ رحم کرنے والے اے اللہ اس وقت ہمیں بدل

الرَّاحِمِیْنَ، اَللّٰھُمَّ اقْلِبْنَا فِیْ ھٰذَا ا

کر بنا دے کامیاب ہونے والے، فلاح پانے والے،

الْوَقْتِ مُنْجِحِیْنَ مُفْلِحِیْنَ

پسندیدہ عمل والے اور نفع اٹھانے والے اور ہمیں مایوس

مَبْرُوْرِیْنَ غَانِمِیْنَ، وَ لَا تَجْعَلْنَا مِنَ

ہونے والوں میں قرار نہ دے ہمیں اپنی رحمت سے دور

الْقَانِطِیْنَ، وَلَا تُخْلِنَا مِنْ رَّحْمَتِکَ، وَ

نہ کر ہمیں اس چیز میں سے محروم نہ فرما جس کی تیرے

لَا تَحْرِمْنَا مَا نُؤَمِّلُهٗ مِنْ فَضْلِکَ، وَلَا

فضل میں سے امید کریں اور ہم کو اپنی رحمت

تَجْعَلْنَا مِنْ رَّحْمَتِکَ مَحْرُوْمِیْنَ، وَ لَا

سے محروم و خالی قرار نہ دے، تیری عطا میں سے جس

لِفَضْلِ مَا نُؤَمِّلُهٗ مِنْ عَطَآئِکَ

عنایت کی امید کریں اس سے مایوس نہ فرما ہمیں ناکام

قَانِطِيْنَ، وَ لَا تَرُدَّنَا خَآئِبِيْنَ وَ لَا

کر کے نہ پلٹا اور اپنی بارگاہ سے دھتکارے ہوئے

مِنْ بَابِكَ مَطْرُوْدِيْنَ، يَآ اَجْوَدَ

قرار نہ دے، اے بہت عطا والوں میں بڑی عطا

الْاَجْوَدِيْنَ، وَ اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ،

والے اور عزت داروں میں بڑی عزت والے ہم

اِلَيْكَ اَقْبَلْنَا مُوقِنِيْنَ، وَ لِبَيْتِكَ

تیری درگاہ میں لوٹ کے آئے ہیں معتقد بن کر ہم تیرے

الْحَرَامِ اٰمِّيْنَ قَاصِدِيْنَ، فَاَعِنَّا عَلٰى

محترم گھر کعبہ میں پکار کرتے ہوئے آئے ہیں پس اعمال حج

مَنَاسِكِنَا، وَ اَكْمِلْ لَنَا حَجَّنَا،

میں ہماری مدد فرما اور ہمارا حج مکمل کرادے ہمیں

وَاعْفُ عَنَّا وَ عَافِنَا، فَقَدْ مَدَدْنَا

معاف فرما پناہ دے کہ ہم نے اپنے ہاتھ تیرے آگے

اِلَیۡکَ اَیۡدِیَنَا فَهِیَ بِذِلَّةِ الۡاِعۡتِرَافِ

پھیلائے ہیں کہ جن پر گناہوں کے اقرار و اعتراف کے

مَوۡسُوۡمَةٌ، اَللّٰهُمَّ فَاَعۡطِنَا فِیۡ هٰذِهِ

نشان ہیں اے اللہ پس ہمیں آج کی رات میں جو ہم نے

الۡعَشِیَّةِ مَا سَئَلۡنَاكَ، وَ اكۡفِنَا مَا

تجھ سے مانگا عطا فرما تمام کاموں میں ہماری مدد کر کہ

اسۡتَكۡفَیۡنَاكَ، فَلَا كَافِیَ لَنَا سِوَاكَ،

تیرے سوا کوئی ہماری کفایت کرنے والا نہیں اور

وَ لَا رَبَّ لَنَا غَیۡرُكَ، نَافِذٌ فِیۡنَا

سوائے تیرے کوئی ہمارا رب نہیں کہ تیرا حکم ہی ہم پر

حُكۡمُكَ، مُحِیۡطٌ بِنَا عِلۡمُكَ، عَدۡلٌ

جاری ہے تیرا علم ہمیں گھیرے ہوئے ہے ہمارے لئے تیرا

فِیۡنَا قَضَآؤُكَ، اِقۡضِ لَنَا الۡخَیۡرَ،

فیصلہ درست ہے ہمارے لئے اچھا فیصلہ کر اور ہمیں

وَاجْعَلْنَا مِنْ اَهْلِ الْخَيْرِ، اَللّٰهُمَّ

نیکوکاروں میں سے قراردے اے اللہ ہمارے لئے اپنی

اَوْجِبْ لَنَا بِجُوْدِكَ عَظِيْمَ الْاَجْرِ،

عطا سے بہت بڑا اجر بہترین ذخیرہ اور ہمیشہ کی آسائش

وَ كَرِيْمَ الذُّخْرِ، وَ دَوَامَ الْيُسْرِ،

واجب کر دے، ہمارے سارے کے سارے گناہ بخش

وَ اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا اَجْمَعِيْنَ، وَ لَا

دے اور ہمیں تباہ ہونے والوں کے ساتھ تباہ نہ کر

تُهْلِكْنَا مَعَ الْهَالِكِيْنَ، وَ لَا تَصْرِفْ

اور اپنی مہربانی اور رحمت ہم سے دور نہ فرما اے

عَنَّا رَاْفَتَكَ وَ رَحْمَتَكَ، يَآ اَرْحَمَ

سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے اللہ اس وقت

الرَّاحِمِيْنَ، اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا فِيْ هٰذَا

ہمیں ان لوگوں میں قرار دے جنہوں نے تجھ سے مانگا تو

الْوَقْتِ مِمَّنْ سَئَلَكَ فَاَعْطَيْتَهُ، وَ

نے عطا کیا جنہوں نے شکر کیا تو نے زیادہ دیا تیری طرف

شَكَرَكَ فَزِدْتَهُ، وَتَابَ اِلَيْكَ فَقَبِلْتَهُ

پلٹے تو نے انہیں قبول کیا اپنے گناہوں کے ساتھ تیری

وَ تَنَصَّلَ اِلَيْكَ مِنْ ذُنُوبِهِ كُلِّهَا

طرف آئے تو ان کے سبھی گناہ معاف کر دیئے اے

فَغَفَرْتَهَا لَهُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ،

جلالت و عزت کے مالک اے اللہ ہمیں پاک کر ہماری

اَللّٰهُمَّ وَ نَقِّنَا وَ سَدِّدْنَا واقْبَلْ

رہنمائی فرما اور ہماری زاری قبول کر، اے

تَضَرُّعَنَا، يَا خَيْرَ مَنْ سُئِلَ، وَيَآ اَرْحَمَ

بہترین سوال شدہ اور طلب رحمت پر زیادہ رحمت

مَنِ اسْتُرْحِمَ، يَا مَنْ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ

کرنے والے، اے وہ جس پر پوشیدہ نہیں ہے پلک

اِغْمَاضُ الْجُفُوْنِ، وَلَا لَحْظُ الْعُيُوْنِ،

کا جھپکنا نہ آنکھوں کا اشارہ نہ وہ چیز جو پردے کے

وَلَا مَا اسْتَقَرَّ فِی الْمَكْنُوْنِ، وَلَا مَا

نیچے ہو اور نہ وہ بات جو دلوں کے پردوں میں لپٹی

انْطَوَتْ عَلَيْهِ مُضْمَرَاتُ الْقُلُوْبِ،

ہوئی ہو ہاں ان سب کو تیرے علم نے شمار کر رکھا ہے

اَلَا كُلُّ ذٰلِكَ قَدْ اَحْصَاهُ عِلْمُكَ، وَ

اور تیری نرمی ان پر چھائی ہوئی ہے تو پاک تر

وَسِعَهُ حِلْمُكَ، سُبْحَانَكَ وَ تَعَالَيْتَ

اور بلند تر ہے اس سے جو ناحق کہنے والے کہتے ہیں تو

عَمَّا يَقُوْلُ الظَّالِمُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا،

بلندتر بزرگ تر ہے تیری پاکیزگی بیان کرتے ہیں

تُسَبِّحُ لَكَ السَّمٰوَاتُ السَّبْعُ، وَ

ساتوں آسمان اور ساتوں زمینیں اور جو کچھ ان

الْاَرَضُوْنَ وَمَنْ فِيهِنَّ، وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ

میں ہے نہیں کوئی چیز موجود ہے مگر وہ تیری حمد کررہی

اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ، فَلَكَ الْحَمْدُ وَ

ہے پس حمد تیرے لئے ہے اے بزرگی بلند شان اے

الْمَجْدُ، وَ عُلُوُّ الْجَدِّ، يَا ذَالْجَلَالِ وَ

جلالت و عزت کے مالک فضل کرنے والے، نعمت

الْاِكْرَامِ، وَ الْفَضْلِ وَ الْاِنْعَامِ، وَ

دینے والے بڑی بڑی عطائیں کرنے والے اور تو

الْاَيَادِي الْجِسَامِ، وَ اَنْتَ الْجَوَادُ

بخشش کرنے والا کرم کرنے والا نرمی کرنے والا

الْكَرِيمُ، الرَّءُوفُ الرَّحِيمُ، اَللّٰهُمَّ

مہربان ہے اے اللہ میرے لئے اپنا رزق حلال

اَوْسِعْ عَلَيَّ مِنْ رِزْقِكَ الْحَلَالِ، وَ

وسیع فرما میرے بدن اور میرے دین کی حفاظت

عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ وَ دِيْنِيْ، وَ اٰمِنْ خَوْفِيْ، وَ

فرما مجھے خوف سے بچا اور میری گردن کو جہنم کی

اَعْتِقْ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ. اَللّٰهُمَّ لَا

آگ سے آزاد کر دے اے اللہ مجھے غلط فہمی میں نہ

تَمْكُرْ بِيْ، وَلَا تَسْتَدْرِجْنِيْ، وَلَا تَخْدَعْنِيْ،

ڈال دھوکے میں نہ رکھ مجھے فریب نہ کھانے دے اور

وَ ادْرَاْ عَنِّيْ شَرَّ فَسَقَةِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ.

نابکار جنّوں اور انسانوں کو مجھ سے دور کر دے۔

پھر آپ نے اپنے سر اور آنکھوں کو آسمان کی طرف بلند کیا جبکہ آپ کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے اور آپ با آواز بلند عرض کر رہے تھے:

يَآ اَسْمَعَ السَّامِعِيْنَ، يَآ اَبْصَرَ

اے سب سے زیادہ سننے والے، اے سب سے زیادہ

النَّاظِرِيْنَ، وَيَآ اَسْرَعَ الْحَاسِبِيْنَ، وَيَآ

دیکھنے والے، اے سب سے تیز تر حساب کرنے والے،

اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ، صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے، محمد و آل محمد علیہم السلام

مُحَمَّدٍ السَّادَةِ الْمَيَامِيْنَ، وَ اَسْئَلُكَ

پر رحمت نازل فرما جو برکت والے سردار ہیں اور

اَللّٰهُمَّ حَاجَتِي الَّتِيْ اِنْ اَعْطَيْتَنِيْهَا

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے اللہ اپنی اس حاجت کا کہ اگر

لَمْ يَضُرَّنِيْ مَا مَنَعْتَنِيْ، وَ اِنْ

تو وہ عطا کردے تو جو کچھ تو نے نہیں دیا اس سے

مَنَعْتَنِيْهَا لَمْ يَنْفَعْنِيْ مَآ اَعْطَيْتَنِيْ،

مجھے نقصان نہیں اور اگر تو وہ عطا نہ کرے تو جو تو نے دیا

اَسْئَلُكَ فَكَاكَ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ، لَآ

اس سے مجھے کوئی نفع نہیں سوال کرتا ہوں کہ میری

اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ،

گردن جہنم سے آزاد کردے تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو

لَكَ الْمُلْكُ، وَ لَكَ الْحَمْدُ، وَ اَنْتَ

یکتا ہے تیرا کوئی شریک نہیں، تیرے لئے حکومت تیرے لئے حمد ہے اور تو ہر ایک

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، يَا رَبُّ يَا رَبُّ.

چیز پر قدرت رکھتا ہے اے میرے رب اے میرے رب۔

حضرت امام حسین علیہ السلام بار بار یارب یارب کہتے رہے جبکہ آپ کے اردگرد کھڑے لوگ آپ کی دعا سنتے ہوئے آمین کہتے رہے یہاں تک کہ آپ کے ساتھ ساتھ ان سب کی رونے کی آوازیں بلند ہونے لگیں۔

سید ابن طاؤس نے یارب یارب کے بعد یہ اضافی کلمات بھی تحریر فرمائے ہیں۔

اِلٰهِيْ اَنَا الْفَقِيْرُ فِيْ غِنَايَ فَكَيْفَ لَا

میرے اللہ میں اپنی تونگری میں بھی محتاج ہوں تو اپنے فقر

اَكُوْنُ فَقِيْرًا فِيْ فَقْرِيْ، اِلٰهِيْ اَنَا

کی حالت میں کیوں نہ محتاج ہوں گا، میرے اللہ میں علم

الْجَاهِلُ فِيْ عِلْمِيْ فَكَيْفَ لَآ اَكُوْنُ

رکھتے ہوئے بھی جاہل ہوں تو اپنی جہالت میں کیوں نہ

جَهُوۡلًا فِيۡ جَهۡلِيۡ، اِلٰهِيۡ اِنَّ اخۡتِلَافَ

جاہل ہوں گا، اے اللہ بے شک تیری تدبیر کے تغیر و

تَدۡبِيۡرِكَ، وَ سُرۡعَةَ طَوَآءِ مَقَادِيۡرِكَ،

تبدل اور تیری جلد وارد ہونے والی تقدیر نے تیری

مَنَعَا عِبَادَكَ الۡعَارِفِيۡنَ بِكَ عَنِ

معرفت رکھنے والے بندوں کو ہے، تیری عطا کی امید نہ

السُّكُوۡنِ اِلٰى عَطَآءِ، وَالۡيَاسِ مِنۡكَ فِيۡ

رکھنے اور مشکل کے وقت تجھ سے مایوس ہو جانے سے

بَلَآءِ، اِلٰهِيۡ مِنِّيۡ مَا يَلِيۡقُ بِلُؤۡمِيۡ وَ

روکا ہوا ہے، میرے اللہ میں نے وہ کیا جو میری پستی کا

مِنۡكَ مَا يَلِيۡقُ بِكَرَمِكَ، اِلٰهِيۡ وَ

تقاضہ ہے اور تو وہ کرے گا جو تیری بڑائی کے لائق

صَفۡتَ نَفۡسَكَ بِاللُّطۡفِ وَالرَّاۡفَةِ لِيۡ

ہے میرے اللہ میری کمزوری سے پہلے ہی تیری ذات

قَبْلَ وُجُوْدِ ضَعْفِيْ، اَفَتَمْنَعُنِيْ مِنْهُمَا

لطف و کرم کے اوصاف رکھتی ہے تو کیا میری کمزوری

بَعْدَ وُجُوْدِ ضَعْفِيْ، اِلٰهِيْ اِنْ ظَهَرَتِ

کے بعد مجھ سے تو یہ مہربانیاں روک دے گا، میرے

الْمَحَاسِنُ مِنِّيْ فَبِفَضْلِكَ، وَ لَكَ

اللہ اگر مجھ سے نیکیاں ظاہر ہوئیں تو یہ تیرا فضل ہے اور

الْمِنَّةُ عَلَيَّ، وَ اِنْ ظَهَرَتِ الْمَسَاوِيْ

مجھ پر یہ تیرا احسان ہے اور اگر مجھ سے برائیوں کا

مِنِّيْ فَبِعَدْلِكَ، وَلَكَ الْحُجَّةُ عَلَيَّ اِلٰهِيْ

ظہور ہوا ہے تو یہ تیرا عدل ہے اور مجھ پر تیری حجت

كَيْفَ تَكِلُنِيْ وَقَدْ تَكَفَّلْتَ لِيْ،

قائم ہو گئی ہے، میرے اللہ کیسے تو مجھ کو چھوڑ دے گا

وَ كَيْفَ اُضَامُ وَاَنْتَ النَّاصِرُ لِيْ، اَمْ

جب کہ تو میرا کفیل ہے کیوں کر میں روند دیا جاؤں

كَيْفَ اَخِيْبُ وَ اَنْتَ الْحَفِيُّ بِيْ، هَا اَنَا

جب کہ تو میرا مددگار ہے یا کیسے بے آس ہو جاؤں

اَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِفَقْرِيْ اِلَيْكَ، وَ كَيْفَ

جب کہ تو مجھ پر مہربان ہے اب میں تیری درگاہ میں

اَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِمَا هُوَ مُحَالٌ اَنْ يَصِلَ

اپنے فقر کے ساتھ آیا ہوں اور کس طرح تجھے اپنا

اِلَيْكَ، اَمْ كَيْفَ اَشْكُوْ اِلَيْكَ حَالِيْ وَ

وسیلہ بناؤں جب کہ یہ ناممکن ہے کہ کوئی تجھ تک پہنچ

هُوَ لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ، اَمْ كَيْفَ اُتَرْجِمُ

پائے یا کیونکر تجھ سے اپنے حالات کی شکایت کروں

بِمَقَالِيْ وَ هُوَ مِنْكَ بَرَزٌ اِلَيْكَ، اَمْ

جب کہ وہ تجھ سے پوشیدہ نہیں ہیں یا کس طرح اپنی

كَيْفَ تُخَيِّبُ اٰمَالِيْ وَهِيَ قَدْ وَفَدَتْ

زبان سے ان کی تشریح کروں جب کہ وہ تیری طرف

اِلَيْكَ، اَمْ كَيْفَ لَا تُحْسِنُ اَحْوَالِيْ وَ

سے اور تجھ پر عیاں ہیں یا کیونکر میری آرزوئیں

بِكَ قَامَتْ، اِلٰهِيْ مَا اَلْطَفَكَ بِيْ

ناکام رہیں گی جب کہ یہ تیرے جناب میں پیش کی جا چکی

مَعَ عَظِيْمِ جَهْلِيْ، وَ مَا اَرْحَمَكَ بِيْ

ہیں یا کیونکر میرے حالات بہتر نہ ہونگے جب کہ میں

مَعَ قَبِيْحِ فِعْلِيْ، اِلٰهِيْ مَا اَقْرَبَكَ

تیری وجہ سے قائم ہوں، میرے اللہ تیرا کتنا لطف ہے

مِنِّيْ وَ اَبْعَدَنِيْ عَنْكَ، وَ مَا اَرْاَفَكَ

مجھ پر جبکہ میں بڑا ہی نادان ہوں اور تو کس قدر

بِيْ فَمَا الَّذِيْ يَحْجُبُنِيْ عَنْكَ، اِلٰهِيْ

مہربان ہے مجھ پر جبکہ میں خطاکار ہوں میرے اللہ تو کتنا

عَلِمْتُ بِاخْتِلَافِ الْاٰثَارِ، وَ تَنَقُّلَاتِ

نزدیک ہے مجھ سے جبکہ میں تجھ سے بہت دور ہوں اور کتنا مہربان ہے

الْاَطْوَارِ، اَنَّ مُرَادَكَ مِنِّيْ اَنْ تَتَعَرَّفَ

تو مجھ پر پھر کس نے مجھے تجھ سے ہٹا دیا ہے، میرے اللہ دنیا کے

اِلَيَّ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ، حَتّٰى لَا اَجْهَلَكَ فِيْ

حالات کی تبدیلیوں اور طریقوں کے تغیرات کے ذریعے میں جان گیا

شَيْءٍ، اِلٰهِيْ كُلَّمَا اَخْرَسَنِيْ لُؤْمِيْ

کہ تیری مراد یہ ہے کہ تو ہر چیز سے مجھے اپنی شناسائی کرائے تاکہ

اَنْطَقَنِيْ كَرَمُكَ، وَ كُلَّمَا آيَسَتْنِيْ

میں کسی چیز کے ضمن میں تیری قدرت سے ناواقف نہ رہوں میرے

اَوْصَافِيْ اَطْمَعَتْنِيْ مِنَنُكَ، اِلٰهِيْ مَنْ

اللہ جب میری پستی مجھے گنگ کر دیتی ہے تو تیرا کرم مجھے گویا کر دیتا ہے

كَانَتْ مَحَاسِنُهٗ مَسَاوِيَ، فَكَيْفَ لَا

جب بھی میرے برے اوصاف مجھے مایوس کرتے ہیں تیرے احسان

تَكُوْنُ مُسَاوِيْهِ مَسَاوِيَ، وَمَنْ كَانَتْ

مجھے حوصلہ دیتے ہیں، میرے اللہ جس شخص کی خوبیاں بھی برائیاں

حَقَآئِقُهُ دَعَاوِیَ، فَكَیْفَ لَا تَكُونُ

ہوں تو اس کی برائیاں کیوں نہ برائیاں شمار کی جائیں گی اور جس

دَعَاوِیَهِ دَعَاوِیَ، اِلٰهِیْ حُكْمُكَ

شخص کی حقیقت ہی محض کھوکھلی باتیں ہوں تو اس کی خالی خولی باتیں

النَّافِذُ، وَمَشِیَّتُكَ الْقَاهِرَةُ لَمْ یَتْرُكَا

کیوں نہ محض باتیں تصور کی جائیں گی، میرے اللہ تیرا حکم جاری ہے

لِذِیْ مَقَالٍ مَقَالًا، وَلَا لِذِیْ حَالٍ

اور تیری مرضی قاہر و غالب ہے کہ ان کے مقابل بولنے والا بول

حَالًا، اِلٰهِیْ كَمْ مِنْ طَاعَةٍ بَنَیْتُهَا،

نہیں سکتا اور نہ کوئی صاحب حال کچھ کرسکتا ہے میرے اللہ کتنی ہی بار

وَ حَالَةٍ شَیَّدْتُهَا، هَدَمَ اِعْتِمَادِیْ

میں نے اطاعت کرتے ہوئے عبادت کی شکل بنائی ہے مگر تیرے عدل

عَلَیْهَا عَدْلُكَ، بَلْ اَقَالَنِیْ مِنْهَا

کے خوف سے اس پر میرا بھروسہ نہ رہا بلکہ وہ تیرے فضل سے میری

فَضْلُكَ، اِلٰهِيْ اِنَّكَ تَعْلَمُ اَنِّيْ وَاِنْ لَّمْ

بخشش کا ذریعہ بنی میرے اللہ بے شک تو جانتا ہے اگرچہ میں

تَدُمِ الطَّاعَةُ مِنِّيْ فِعْلًا جَزْمًا فَقَدْ

عبادت میں مستقلاً مشغول نہیں ہوں تو بھی تجھ سے میری

دَامَتْ مَحَبَّةً وَعَزْمًا، اِلٰهِيْ كَيْفَ

محبت ہمیشہ راسخ ہے میرے اللہ کس قدر بندگی کا

اَعْزِمُ وَ اَنْتَ الْقَاهِرُ، وَ كَيْفَ لَا

ارادہ کروں جب کہ تو غالب ہے اور کیونکر

اَعْزِمُ وَ اَنْتَ الْاٰمِرُ، اِلٰهِيْ تَرَدُّدِيْ فِيْ

ارادہ نہ کروں جب کہ تو حکم دیتا ہے، میرے اللہ

الْاٰثَارِ يُوْجِبُ بُعْدَ الْمَزَارِ، فَاجْمَعْنِيْ

تیری قدرت کے آثار میں غور کرنا تیرے دیدار

عَلَيْكَ بِخِدْمَةٍ تُوْصِلُنِيْ اِلَيْكَ، كَيْفَ

سے دوری کا سبب ہے پس مجھے اپنے حضور حاضر رکھ

يُسْتَدَلُّ عَلَيْكَ بِمَا هُوَ فِي وُجُودِهِ

تیری سرکار میں پہنچ پاؤں کیونکر وہ چیز تیری طرف

مُفْتَقِرٌ اِلَيْكَ، اَيَكُونُ لِغَيْرِكَ مِنَ

رہنمائی کر سکتی ہے جو اپنے وجود ہی میں تیری محتاج ہے

الظُّهُورِ مَا لَيْسَ لَكَ، حَتّٰى يَكُونَ هُوَ

آیا تیرے غیر کیلئے ایسا ظہور ہے جو تیرے لئے نہیں ہے

الْمُظْهِرَ لَكَ، مَتٰى غِبْتَ حَتّٰى تَحْتَاجَ

یہاں تک کہ وہ تجھے ظاہر کرنے والا بن جائے تو کب

اِلٰى دَلِيلٍ يَدُلُّ عَلَيْكَ، وَ مَتٰى بَعُدْتَ

غائب تھا کہ کسی ایسے نشان کی حاجت ہو جو تیری دلیل

حَتّٰى تَكُونَ الْاٰثَارُ هِيَ الَّتِي تُوصِلُ

ٹھہرے اور تو کب دور تھا کہ آثار اور نشان تجھ تک

اِلَيْكَ، عَمِيَتْ عَيْنٌ لَا تَرَاكَ عَلَيْهَا

پہنچانے کا ذریعہ و وسیلہ بنیں، اندھی ہے وہ آنکھ جو تجھ

رَقِيبًا، وَ خَسِرَتْ صَفْقَةُ عَبْدٍ لَمْ

کو اپنا نگہبان نہیں پاتی اس بندے کا سودہ خسارے

تَجْعَلْ لَّهُ مِنْ حُبِّكَ نَصِيبًا، اِلٰهِيْ

والا ہے جس کو تو نے اپنی محبت کا حصہ نہیں دیا میرے اللہ

اَمَرْتَ بِالرُّجُوْعِ اِلَى الْاٰثَارِ فَاَرْجِعْنِيْ

تو نے اپنی قدرت کے آثار پر توجہ کا حکم کیا پس مجھ کو

اِلَيْكَ بِكِسْوَةِ الْاَنْوَارِ، وَ هِدَايَةِ

اپنے نور کے پردوں اور بصیرت کے راستوں کی

الْاِسْتِبْصَارِ، حَتّٰى اَرْجَعَ اِلَيْكَ مِنْهَا

طرف لے چل، تاکہ اس کے ذریعے تیری درگاہ میں

كَمَا دَخَلْتُ اِلَيْكَ مِنْهَا، مَصُوْنَ

آؤں جس طرح انہی کے ذریعے تیری طرف راہ

السِّرِّ عَنِ النَّظَرِ اِلَيْهَا، وَ مَرْفُوْعَ

پائی، انہیں دیکھ کر راز حقیقت کی خبر پاؤں اور ان

الْهِمَّةِ عَنِ الْاِعْتِمَادِ عَلَيْهَا، اِنَّكَ عَلٰى

کے سہارے اپنی ہمت کو بلند کروں بے شک تو ہر چیز پر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، اِلٰهِيْ هٰذَا ذُلِّيْ ظَاهِرٌ

قدرت رکھتا ہے میرے اللہ یہ ہے میری پستی جو تیرے

بَيْنَ يَدَيْكَ، وَ هٰذَا حَالِيْ لَا يَخْفٰى

آگے عیاں ہے اور یہ ہے میری بری حالت جو تجھ سے

عَلَيْكَ، مِنْكَ اَطْلُبُ الْوُصُوْلَ اِلَيْكَ،

پوشیدہ نہیں میں تیری بارگاہ میں پہنچنا چاہتا ہوں اور

وَ بِكَ اَسْتَدِلُّ عَلَيْكَ، فَاهْدِنِيْ

تجھ پر تجھی کو دلیل ٹھہراتا ہوں پس اپنے نور سے میری

بِنُوْرِكَ اِلَيْكَ، وَ اَقِمْنِيْ بِصِدْقِ

اپنی طرف سے رہنمائی کر اور اپنے حضور مجھے سچی

الْعُبُوْدِيَّةِ بَيْنَ يَدَيْكَ، اِلٰهِيْ عَلِّمْنِيْ

بندگی پر قائم رکھ، میرے اللہ مجھے اپنے پوشیدہ علوم

مِنْ عِلْمِكَ الْمَخْزُوْنِ، وَصُنِّيْ بِسِتْرِكَ

میں سے تعلیم دے اور اپنے محکم پردے کے ساتھ میری

الْمَصُوْنِ، اِلٰهِيْ حَقِّقْنِيْ بِحَقَآئِقِ اَهْلِ

حفاظت کر، میرے اللہ مجھے اپنے اہل قرب کے حقائق

الْقُرْبِ، وَ اسْلُكْ بِيْ مَسْلَكَ اَهْلِ

سے بہرہ ور فرما اور ان کی راہ پر ڈال جو تیری

الْجَذْبِ، اِلٰهِيْ اَغْنِنِيْ بِتَدْبِيْرِكَ لِيْ

طرف کھنچتے چلے جاتے ہیں، میرے اللہ اپنے تدبر اور

عَنْ تَدْبِيْرِيْ، وَ بِاِخْتِيَارِكَ عَنِ

پسند کے ذریعے مجھے میرے تدبر اور پسند سے بے نیاز

اخْتِيَارِيْ، وَ اَوْقِفْنِيْ عَلٰى مَرَاكِزِ

کردے اور پریشانی کے عالم میں مجھے ثابت قدم

اِضْطِرَارِيْ، اِلٰهِيْ اَخْرِجْنِيْ مِنْ ذُلِّ

رکھ، میرے معبود مجھے میرے نفس کی پستی سے نکال

نَفۡسِیۡ، وَ طَهِّرۡنِیۡ مِنۡ شَكِّیۡ وَ شِرۡكِیۡ

لے، مجھے شک اور شرک سے پاک کردے قبل اسکے

قَبۡلَ حُلُوۡلِ رَمۡسِیۡ، بِكَ اَنۡتَصِرُ

کہ میں قبر میں جاؤں، تجھ سے مدد چاہتا ہوں میری

فَانۡصُرۡنِیۡ، وَ عَلَیۡكَ اَتَوَكَّلُ فَلَا تَكِلۡنِیۡ،

مدد فرما، تجھ پر بھروسہ کرتا ہوں پس مجھے چھوڑ نہ

وَ اِیَّاكَ اَسۡئَلُ فَلَا تُخَیِّبۡنِیۡ، وَ فِیۡ

دے، تجھ سے مانگتا ہوں پس ناامید نہ کر، تیرے فضل

فَضۡلِكَ اَرۡغَبُ فَلَا تَحۡرِمۡنِیۡ، وَ

کی آس لگائی ہے پس مجھے محروم نہ کر، تیری بارگاہ

بِجَنَابِكَ اَنۡتَسِبُ فَلَا تُبۡعِدۡنِیۡ،

سے تعلق جوڑا ہے پس مجھے دور نہ فرما، تیرا

وَ بِبَابِكَ اَقِفُ فَلَا تَطۡرُدۡنِیۡ، اِلٰهِیۡ

دروازہ کھٹکھٹاتا ہوں پس مجھے ٹھکرا نہ دے، میرے

تَقَدَّسَ رِضَاكَ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ عِلَّةٌ

اللہ تیری رضا پاک ہے، ممکن نہیں اس میں تیری طرف

مِّنْكَ، فَكَيْفَ يَكُوْنُ لَهُ عِلَّةٌ مِّنِّىْ،

سے نقص آئے، پھر کیسے ممکن ہے کہ میں اسے نقص دار

اِلٰهِىْ اَنْتَ الْغَنِىُّ بِذَاتِكَ اَنْ يَّصِلَ

کہوں، میرے اللہ تو اپنی ذات میں بے نیاز ہے

اِلَيْكَ النَّفْعُ مِنْكَ، فَكَيْفَ لَا تَكُوْنُ

اس سے کہ تجھے اپنی ذات سے نفع پہنچے کیوں کر تو مجھ

غَنِيًّا عَنِّىْ، اِلٰهِىْ اِنَّ الْقَضَآءَ وَالْقَدَرَ

سے بے نیاز نہ ہوگا، میرے اللہ قضا وقدر مجھ کو

يُمَنِّيْنِىْ، وَاِنَّ الْهَوٰى بِوَثَآئِقِ الشَّهْوَةِ

آرزومند بناتی ہے اور خواہش نفس مجھے آرزوؤں کا

اَسَرَنِىْ، فَكُنْ اَنْتَ النَّصِيْرَ لِىْ، حَتّٰى

قیدی بنا لیتی ہے پس تو میرا مددگار بن جا تاکہ کامیاب

تَنْصُرَنِیْ وَ تُبَصِّرَنِیْ، وَ اَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ

ہو جاؤں، بینا ہو جاؤں اور اپنے فضل سے مجھ کو بے

حَتّٰی اَسْتَغْنِیَ بِكَ عَنْ طَلَبِیْ، اَنْتَ

نیاز کردے تاکہ تیرے ذریعے حاجت سے بے نیاز ہو

الَّذِیْ اَشْرَقْتَ الْاَنْوَارَ فِیْ قُلُوْبِ

جاؤں، تو وہ ہے جس نے اپنے دوستوں کے دلوں کو

اَوْلِيَآئِكَ حَتّٰی عَرَفُوْكَ وَ وَحَّدُوْكَ، وَ

نور کی شعاؤں سے روشن کردیا تو انہوں نے تجھے پہچانا

اَنْتَ الَّذِیْ اَزَلْتَ الْاَغْيَارَ عَنْ

اور تجھے ایک مانا اور تو وہ ہے جس نے اپنے دوستوں

قُلُوْبِ اَحِبَّآئِكَ حَتّٰی لَمْ يُحِبُّوْا

کے دلوں سے غیروں کو دور کردیا تو وہ سوائے

سِوَاكَ، وَلَمْ يَلْجَاُوْا اِلٰی غَيْرِكَ، اَنْتَ

تیرے کسی سے محبت نہیں رکھتے اور تیرے غیر کی پناہ نہیں

الْمُونِسُ لَهُمْ حَيْثُ اَوْحَشَتْهُمُ

لیتے جب زمانہ ان کو ہراساں کرے اس وقت تو ہی

الْعَوَالِمُ، وَ اَنْتَ الَّذِیْ هَدَيْتَهُمْ

ان کا ہمدم ہے اور تو وہ ہے جس نے ان کی رہنمائی کی

حَيْثُ اسْتَبَانَتْ لَهُمُ الْمَعَالِمُ،

جب وہ تیرے نشان و برہان سے دور ہوئے، اس نے

مَاذَا وَجَدَ مَنْ فَقَدَكَ، وَمَا الَّذِیْ

کیا پایا جس نے تجھے کھویا اور اس نے کچھ نہ کھویا جس نے

فَقَدَ مَنْ وَّجَدَكَ، لَقَدْ خَابَ مَنْ

تجھ کو پایا اور یقیناً ناکام ہوا جو تیری بجائے کسی اور کو

رَضِیَ دُوْنَكَ بَدَلًا، وَلَقَدْ خَسِرَ مَنْ

پسند کرنے لگا اور وہ گھاٹے میں پڑا جو سرکشی کے ساتھ تجھ

بَغٰی عَنْكَ مُتَحَوِّلًا، كَيْفَ يُرْجٰی

سے پھر گیا کس طرح تیرے غیر سے امید رکھی جا سکتی ہے جبکہ

سِوَاكَ وَاَنْتَ مَا قَطَعْتَ الْاِحْسَانَ، وَ

تیرا احسان و کرم رکتا ہی نہیں اور کیونکر تیرے غیر سے

كَيْفَ يُطْلَبُ مِنْ غَيْرِكَ وَ اَنْتَ مَا

سوال کیا جا سکتا ہے جبکہ تیرے فضل و احسان کرنے کی

بَدَّلْتَ عَادَةَ الْاِمْتِنَانِ، يَا مَنْ اَذَاقَ

عادت میں تبدیلی نہیں آتی اور وہ جو اپنے دوستوں کو

اَحِبَّآءَهُ حَلَاوَةَ الْمُؤَانَسَةِ، فَقَامُوْا

الفت کی مٹھاس چکھاتا ہے پس وہ اس کے حضور تعریفیں

بَيْنَ يَدَيْهِ مُتَمَلِّقِيْنَ، وَ يَا مَنْ اَلْبَسَ

کرتے کھڑے ہو جاتے ہیں اے وہ جو اپنے دوستوں کو

اَوْلِيَآءَهُ مَلَابِسَ هَيْبَتِهٖ، فَقَامُوْا

اپنی ہیبت کا لباس پہناتا ہے تو وہ اس کے سامنے کھڑے

بَيْنَ يَدَيْهِ مُسْتَغْفِرِيْنَ، اَنْتَ الذَّاكِرُ

ہوتے ہیں بخشش مانگتے ہوئے، تو یاد کرنے والوں سے

قَبۡلَ الذَّاكِرِيۡنَ، وَ اَنۡتَ الۡبَادِیۡ

پہلے ان کو یاد رکھنے والا ہے، تو احسان میں ابتدا کرنے

بِالۡاِحۡسَانِ قَبۡلَ تَوَجُّهِ الۡعَابِدِيۡنَ،

والا ہے، عبادت گزاروں کے توجہ کرنے سے پہلے تو

وَاَنۡتَ الۡجَوَادُ بِالۡعَطَآءِ قَبۡلَ طَلَبِ

عطا میں اضافہ کرنے والا ہے، مانگنے والوں کے مانگنے

الطَّالِبِيۡنَ، وَ اَنۡتَ الۡوَهَّابُ ثُمَّ لِمَا

سے پہلے تو بہت دینے والا ہے، پھر اس میں سے بطور

وَهَبۡتَ لَنَا مِنَ الۡمُسۡتَقۡرِضِيۡنَ، اِلٰهِیۡ

قرض مانگتا ہے جو کچھ تو نے ہمیں دیا ہے میرے اللہ

اُطۡلُبۡنِیۡ بِرَحۡمَتِكَ حَتّٰۤی اَصِلَ اِلَيۡكَ، وَ

اپنی رحمت سے مجھ کو بلا لے تاکہ میں تیرے حضور پہنچ سکوں

اجۡذِبۡنِیۡ بِمَنِّكَ حَتّٰۤی اُقۡبِلَ عَلَيۡكَ،

مجھے اپنی طرف کھینچ لے تاکہ تیری بارگاہ میں آسکوں

اِلٰهِي اِنَّ رَجَآئِي لَا يَنْقَطِعُ عَنْكَ وَاِنْ

میرے اللہ بے شک میری آس تجھ سے نہیں ٹوٹے گی

عَصَيْتُكَ، كَمَا اَنَّ خَوْفِي لَا يُزَايِلُنِي

اگرچہ میں تیری نافرمانی کروں جیسا کہ میرا خوف دور

وَاِنْ اَطَعْتُكَ، فَقَدْ دَفَعَتْنِي الْعَوَالِمُ

نہ ہوگا اگرچہ میں تیری اطاعت بھی کروں پس زمانے کی

اِلَيْكَ، وَ قَدْ اَوْ قَعَنِي عِلْمِي بِكَرَمِكَ

سختیوں نے مجھ کو تیری طرف دھکیل دیا اور تیری

عَلَيْكَ، اِلٰهِي كَيْفَ اَخِيبُ وَ اَنْتَ

نوازش کے علم نے تیری بارگاہ میں پہنچا دیا، میرے

اَمَلِي، اَمْ كَيْفَ اُهَانُ وَ عَلَيْكَ

اللہ کیونکر ناامید ہو جاؤں جب کہ تو میری آرزو ہے یا

مُتَّكَلِي، اِلٰهِي كَيْفَ اَسْتَعِزُّ وَفِي الذِّلَّةِ

کیسے پست ہوں گا جب کہ میرا بھروسہ تجھ پر ہے، میرے

اَرْكَزْتَنِيْ، اَمْ كَيْفَ لَآ اَسْتَعِزُّ وَ

اللہ کیسے عزت کا دعوی کروں جب کہ اس خواری میں تو

اِلَيْكَ نَسَبْتَنِيْ، اِلٰهِيْ كَيْفَ لَآ اَفْتَقِرُ

نے مجھے یاد کیا یا کیسے عزت کا دعویٰ کروں میری نسبت

وَ اَنْتَ الَّذِيْ فِي الْفُقَرَآءِ اَقَمْتَنِيْ، اَمْ

تیری طرف ہے میرے اللہ کیونکر فقیر نہ بنوں جب کہ تو نے

كَيْفَ اَفْتَقِرُ وَ اَنْتَ الَّذِيْ بِجُوْدِكَ

مجھے فقیروں کی صف میں رکھا ہے یا کیسے میں فقیر بنوں جب کہ

اَغْنَيْتَنِيْ، وَ اَنْتَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ

تو نے مجھ کو اپنی عطا سے غنی کیا ہوا ہے اور تو وہ ہے کہ

تَعَرَّفْتَ لِكُلِّ شَيْءٍ فَمَا جَهِلَكَ شَيْءٌ،

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو نے ہر چیز کو اپنی پہچان کرائی

وَ اَنْتَ الَّذِيْ تَعَرَّفْتَ اِلَيَّ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ،

پس کوئی چیز نہیں جو تجھے پہچانتی نہ ہو اور تو وہ ہے جس نے

فَرَاَیْتُكَ ظَاهِرًا فِیْ كُلِّ شَیْءٍ، وَ اَنْتَ

ہر چیز کے ذریعے مجھے اپنی معرفت کرائی پس میں نے تجھے

الظَّاهِرُ لِكُلِّ شَیْءٍ، یَا مَنِ اسْتَوٰی

ہر چیز میں عیاں و نمایاں دیکھا اور تو ہر چیز پر ظاہر و

بِرَحْمَانِیَّتِهٖ فَصَارَ الْعَرْشُ غَیْبًا فِیْ

آشکار ہے اے وہ جو اپنی رحمت عامہ کے ساتھ قائم ہے

ذَاتِهٖ، مَحَقْتَ الْاٰثَارَ بِالْاٰثَارِ، وَ مَحَوْتَ

کہ عرش اس کی ذات میں نہاں ہو گیا ہے تو نے اپنی

الْاَغْیَارَ بِمُحِیْطَاتِ اَفْلَاكِ الْاَنْوَارِ،

نشانیوں سے دیگر نشانیوں کو مٹا دیا تو نے اپنے

یَا مَنِ احْتَجَبَ فِیْ سُرَادِقَاتِ عَرْشِهٖ

غیروں کو نورانی آسمانوں کے حلقوں میں نابود کر دیا،

عَنْ اَنْ تُدْرِكَهُ الْاَبْصَارُ، یَا مَنْ تَجَلّٰی

اے وہ جو اپنے عرش کی چلمنوں میں پنہاں ہو گیا دیکھتی

بِكَمَالِ بَهَآئِهٖ، فَتَحَقَّقَتْ عَظَمَتُهٗ

آنکھیں اسے دیکھ نہیں پاتیں اے وہ جس نے اپنے نور

مِنَ الْاِسْتِوَآءِ، كَيْفَ تَخْفٰى وَ اَنْتَ

کامل کا جلوہ دکھایا تو اس کی عظمت قائم و برقرار ہو گئی

الظَّاهِرُ، اَمْ كَيْفَ تَغِيْبُ وَاَنْتَ

کیونکر پوشیدہ ہے تو جب کہ آشکار ہے یا کیسے تو پنہاں ہے

الرَّقِيْبُ الْحَاضِرُ، اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ

جبکہ تو نگہبان اور حاضر ہے بے شک تو ہر چیز پر قدرت

شَيْءٍ قَدِيْرٌ، وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَحْدَهٗ.

رکھتا ہے اور اللہ کیلئے حمد ہے جو یکتا ہے۔

بہرحال جس کو خدا توفیق عطا فرمائے اور وہ آج کے دن عرفات میں موجود ہو تو اس کیلئے آج کے دن کے بہت سے اعمال اور دعائیں ہیں۔لیکن آج کے دن کی اہم ترین دعا۔دعائے عرفہ ہے۔دعا و مناجات کے لحاظ سے آج کا دن پورے سال کے دنوں میں ایک خاص امتیاز رکھتا ہے۔پس اس روز اپنے زندہ و مردہ مومن بھائیوں کے لئے زیادہ سے زیادہ دعا کرنا چاہیے۔

آج کے دن کے آخری حصے میں یہ دعا پڑھے:

يَارَبِّ اِنَّ ذُنُوبِيْ لَا تَضُرُّكَ، وَ اِنَّ

اے پروردگار! بے شک! میرے گناہ تجھے نقصان نہیں دیتے اور یقیناً

مَغْفِرَتَكَ لِيْ لَا تَنْقُصُكَ، فَاَعْطِنِيْ مَا

مجھ کو بخش دینے سے تیری عطا میں ہرگز کوئی کمی نہیں آتی پس مجھے عطا کر

لَا يَنْقُصُكَ، وَ اغْفِرْلِيْ مَا لَا يَضُرُّكَ.

کہ اس سے تجھے کمی نہیں آتی اور مجھے بخش دے کہ اس میں تیرا نقصان نہیں۔

پھر یہ بھی پڑھے: اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنِيْ خَيْرَ مَا

اے اللہ ! مجھے اپنی بھلائی سے محروم نہ کر اس برائی کی

عِنْدَكَ لِشَرِّ مَا عِنْدِيْ، فَاِنْ اَنْتَ لَمْ

وجہ سے جو میں نے کی پس اگر تو نے اس

تَرْحَمْنِيْ بِتَعَبِيْ وَنَصَبِيْ فَلَا تَحْرِمْنِيْ

رنج اور تکلیف میں مجھ پر رحم نہیں کیا تو مجھے اس شخص

اَجْرَ الْمُصَابِ عَلٰى مُصِيبَتِهٖ.

جیسے اجر سے محروم نہ فرما جس نے سختی پر سختی جھیلی ہو۔